# کتاب نما

**قرآن مجید کا عربی اردو لغت** : ڈاکٹر محمد میاں صدیقی۔ ناشر: مقتدرہ قومی زبان، ۳۔ایچ، سلیمان پلازا، ستارہ مارکیٹ، جی سیون مرکز، اسلام آباد۔ صفحات: ۶۵۶۔ قیمت: ۱۹۰ روپے۔

اردو زبان میں قرآن مجید کی تسہیل و تفہیم کے لیے جو متنوع کوششیں کی گئی ہیں، ان میں تراجم و تفاسیر کے ساتھ ساتھ قرآنی الفاظ پر مبنی کتب لغت کی ترتیب و تدوین بھی شامل ہے۔ امام راغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) کی "مفردات غرائب القرآن" اور علامہ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) کی "الاتقان فی علوم القرآن" قرآنی کتب لغت میں کلاسیک کا درجہ رکھتی ہیں اور دونوں کے تراجم اردو میں موجود ہیں۔ ان کے علاوہ مولانا عبدالرشید نعمانی اور سید عبدالدائم جلالی کی چھ جلدوں پر محیط "لغات القرآن"، قاضی زین العابدین میرٹھی کی "قاموس القرآن"، جناب غلام احمد پرویز کی "لغات القرآن" اور مولانا محمد حنیف ندوی کی نامکمل "لسان القرآن" اہل علم و فضل کی ضرورتیں پوری کر رہی ہیں۔ یہ تمام کتب لغت، قرآنی الفاظ کے مادہ کو بنیاد بنا کر ترتیب دی گئی ہیں، مگر وہ قاری جو عربی زبان سے آگاہ نہیں، اس کے لیے بعض اوقات ان کتب لغت سے استفادہ آسان نہیں۔ اس لیے یہ ضرورت کافی عرصے سے محسوس کی جا رہی تھی کہ کالجوں کے طلبہ و طالبات اور جدید پڑھے لکھے، مگر عربی زبان سے ناواقف، لوگوں کے لیے قرآن مجید کا ایک ایسا لغت مرتب کیا جائے جس میں قرآن کے تمام الفاظ اسی شکل میں شامل کیے جائیں، جس طرح وہ قرآن مجید میں استعمال ہوئے ہیں۔

علوم قرآن پر وسیع نظر رکھنے والے عالم دین اور متعدد کتابوں کے مولف ڈاکٹر محمد میاں صدیقی ہمارے شکریے کے مستحق ہیں کہ انھوں نے زیر نظر لغت ترتیب دے کر یہ ضرورت پوری کی ہے۔ اس لغت میں متعدد خصائص پائے جاتے ہیں۔ ہر لفظ پر مکمل اعراب لگائے گئے ہیں اور اس سلسلے میں قرآن مجید کے متن سے مکمل مطابقت رکھی گئی ہے۔ اگر قرآن مجید میں کوئی اسم مجرور آیا ہے تو اسے یوں ہی نقل کیا گیا ہے۔ الفاظ کی صرفی و نحوی تشریح کی گئی ہے اور بنیادی مادے کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ واحد کی صورت میں جمع بتائی گئی ہے اور جمع کی صورت میں واحد لکھ دیا گیا ہے۔ ترجمے میں مستند